کرکے کتاب کی افادیت بڑھا سکتے ہیں۔

انوار الصفاء | مؤلفہ محمد خصلت حسین صابری صفحات ۲۷۶۔ قیمت چار روپیہ۔ کاغذ نیوز پرنٹ۔ ناشر مکتبۂ معاویہ ۲/۱ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹

صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے احوال واقوال سے پژمردہ دلوں کو تازگی اور ایمان کو جلاء مل جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کی زندگی نشانِ راہ اور حکمت ومعرفت کا ایک ایک لفظ مینارِ ہدایت بن جاتا ہے اور گم گشتگانِ راہ اپنی منزل پا لیتے ہیں، پیش نظر کتاب میں ممتاز صحابہ خلفاء راشدین، تابعین، تبع تابعین اور عالم اسلام کے مشاہیر اولیاء اور مشائخ کے مختصر حالات اور پُرحکمت ارشادات سلیس اردو میں جمع کئے گئے ہیں جس کا مطالعہ آنکھوں کو ٹھنڈک اور دلوں کو سکون بخشتا ہے۔

علمائے حق کا شیوہ | مولانا احتشام الحق تھانوی، صفحات ۳۲۔ قیمت ۴۵ پیسے ناشر مکتبۂ اصلاح وتبلیغ ہیرآباد جامع مسجد روڈ حیدرآباد۔ حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی کی ایک تقریر کتابی شکل میں جو آپ نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے اجتماع دستاربندی (۷، ۸ اکتوبر ۱۹۶۷ء) میں ارشاد فرمائی، یہ ایوبی دور تھا اور آپ نے مخصوص انداز میں فارغ التحصیل فضلاء کو علم کے تقاضوں اور نازک ذمہ داریوں پر متنبہ فرمایا۔ یہ تقریر ادارہ الحق نے من وعن قلمبند کرکے الحق میں شائع کرائی تھی اب مکتبۂ اصلاح وتبلیغ نے اسے زیادہ جاذبِ نظر بنا کر شائع کیا اور اس طرح اسکی افادیت عام کردی۔

سائنس اور مسلمان | حکیم آفتاب احمد قریشی ایم اے صفحات ۳۲۔ اس مختصر کتابچہ میں اس حقیقت کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مسلمانوں نے سائنس کی ترویج میں کتنا اہم کردار ادا کیا؟ یہ پمفلٹ مکتبۂ ملی۔ پی۔ او ۵۰۸۲ کراچی سے مفت طلب کیا جا سکتا ہے۔ مکتبۂ ملی نہایت قابلِ قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔

ماہنامہ البلاغ کراچی	ماہنامہ بینات کراچی
پرمغز مضامین۔ بصیرت افروز مقالے	علمی ودینی مجلہ علوم ومعارف کا ترجمان
سالانہ چندہ آٹھ روپے	سالانہ چندہ آٹھ روپے
دفتر البلاغ دارالعلوم کراچی ۱۴	مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن ــــ کراچی ۵